اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

مورخہ:06مارچ،2021ء

اعلامیہ

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق بی اے/ بی ایس سی پہلا سالانہ امتحان 2020ء کے نتائج کا اعلان جلد متوقع ہے۔ لہٰذا اس امتحان میں شرکت نہ کر سکنے والے/ بیرونی/کالج کے سابقہ امیدوار مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق سپلیمنٹری امتحان 2020ء/ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام آرٹس/ سائنس وسالانہ امتحان 2021ء میں شرکت کر سکتے ہیں۔

نوٹ: ایسے تمام امیدوار جو کہ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام پارٹ فرسٹ (تھرڈ ائیر) میں بطور ریگولر امیدوار داخلہ بھیجنے سے قاصر رہے وہ بطور پرائیویٹ امیدوار اس امتحان میں شرکت کے حامل ہونگے، تاہم ایسے تمام امیدوار اپنے مختص کردہ رجسٹریشن کارڈ اور کالج کی طرف سے جاری کردہ کالج چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ اور دیگر تعلیمی دستاویزات فراہم کرنے کے پابند ہونگے۔ امتحانات بیرونی یا پرائیوٹ امیدوار کے طور پر صرف وہی طلباء امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں جو پہلے سے رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔ کیونکہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق بی اے/ بی ایس سی کی نئی رجسٹریشن ممنوع ہے۔

امتحانی شیڈول

مذکورہ امتحان دو حصوں پر مشتمل ہوگا، جن کی تاریخ انعقاد درج ذیل ہے۔

تاریخ برائے امتحان ADP آرٹس وسائنس پارٹ فرسٹ (تھرڈ ائیر)	17 اپریل 2021ء بروز ہفتہ
تاریخ برائے امتحان ADP آرٹس وسائنس پارٹ سیکنڈ (فورتھ ائیر)	15 جولائی 2021ء بروز جمعرات

مزید یہ کہ مذکورہ امتحان میں شامل ہونے والے امیدواران کے تھرڈ اور فورتھ ائیر (Part-I & II) کے پریکٹیکل تھرڈ ائیر (Part-I) امتحان کے بعد منعقد کیے جائیں گے۔

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ وبیرونی/کالجوں کے سابقہ امیدواران

۱۔	نارمل فیس کے داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	15 مارچ 2021ء (بروز سوموار)
۲۔	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	02 اپریل 2021ء (بروز جمعہ)
۳۔	داخلہ فیس برائے امتحان اے ڈی پی آرٹس/ سائنس (بغیر پریکٹیکل)	=	-/6000 روپے
۴۔	داخلہ فیس برائے امتحان اے ڈی پی آرٹس/ سائنس (بمعہ پریکٹیکل)	=	-/7000 روپے
۵۔	تین گنا فیس برائے امتحان اے ڈی پی آرٹس/ سائنس (بغیر پریکٹیکل)	=	-/18000 روپے
۶۔	تین گنا فیس برائے امتحان اے ڈی پی آرٹس/ سائنس (بمعہ پریکٹیکل)	=	-/21000 روپے

ضروری ہدایات:

داخلہ فیس اور فارم تمام ضروری دستاویزات (رجسٹریشن کارڈ، انٹرمیڈیٹ کی سند، شناختی کارڈ) کی مصدقہ فوٹو کاپی کے ساتھ مقررہ تاریخ تک امیدوار بذات خود دفتر میں جمع کروائے تاکہ فارم میں کسی قسم کی غلطی کی صورت میں فوراً درستی کی جاسکے اور امتحان میں شرکت یقینی بنائی جاسکے۔ ڈاک کے ذریعے بھیجے گئے یا نامکمل داخلہ فارم اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والے داخلہ فارم قبول نہیں کیے جائیں گے اور اس امر کے لئے یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔ مورخہ 02 اپریل 2021ء (بروز جمعہ) کے بعد داخلہ فارم قطعاً وصول نہیں کیے جائیں گے۔ اور یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔

پرائیوٹ وبیرونی مرد وخواتین امیدوار اپنے داخلہ فارم مطلوبہ دستاویزات اور فوٹو یونیورسٹی ہٰذا کے بہاولپور ڈویژن کے کالجز کے پروفیسروں/ ہائر سیکنڈری سکول کے سبجیکٹ سپشلسٹ جو کہ گریڈ 17 یا اس کے اوپر درجہ کے ہیں، جن کے نمونہ/ دستخط شعبہ ہٰذا میں موجود ہیں سے تصدیق کرواتا ہوں گے۔ اگر کسی امیدوار کا داخلہ فارم/ تصاویر ان مقرر کردہ پروفیسروں/ اساتذہ کے علاوہ کسی اور سے تصدیق شدہ موصول ہوئے تو ان کے داخلہ فارم قبول نہیں کیے جائیں گے۔ اور ان کو امتحان میں شمولیت کی اجازت نہ ہوگی۔

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کیے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔ بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مرد و خواتین امیدواروں کو بہاولپور شہر میں قائم کیے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہوگا۔

داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس صرف ای پورٹل eportal.iub.edu.pk لنک سے جاری کردہ آن لائن چالان کے ذریعہ قابل قبول ہوگی۔

اس امتحان میں شامل ہونے والے اپنے سابقہ امتحان میں شمولیت کا رول نمبر اور سال جس میں انہوں نے امتحان دیا ہو ضرور لکھیں۔ آخر میں اس امر کی اطلاع کی جاتی ہے کہ داخلہ فارم کے ساتھ فوٹو جمع نہ کرانے اور فارم پر موجود تمام کالم پُر نہ کرنے کی صورت میں امیدواروں کے داخلہ فارم کسی صورت میں قابل قبول نہ ہونگے۔

ایڈیشنل کنٹرولر امتحانات
برائے کنٹرولر امتحانات

Scanned with CamScanner